نیوز ریلیز

# اچھے ڈرائیوروں کو آٹو انشورنس تبدیلیوں سے فائدہ پہنچے گا

01 نومبر، 2023ء میڈیا انکوائریز

## جدید اصلاحات صوبے میں آٹو موبائل انشورنس کے نرخوں کے پیچیدہ مسئلے کو حل کر دیں گی کیونکہ حکومت طویل مدتی حل تلاش کر رہی ہے۔

البرٹا کی حکومت البرٹنز کو ریلیف مہیا کرنے کیلئے ہر ممکنہ راہ تلاش کر رہی ہے۔ اچھے ڈرائیونگ ریکارڈز رکھنے والے البرٹنز کو قیمتوں میں تحفظ حاصل ہوگا، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ ان کی انشورنس کے نرخ اس مہنگائی میں زیادہ نہ ہوں۔ تجویزکردہ اصلاحات مورخہ 1 جنوری، 2024ء سے شروع ہوں گی۔

"ہم جانتے ہیں کہ البرٹنز اپنی آٹو انشورنس کے مناسب نرخوں کی کشمکش میں ہیں اوریہی وجہ ہے کہ ہم اس کا حل تلاش کرنے کیلئے سخت محنت کر رہے ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ مدد کیلئے ہم ان نئے اقدامات کو سامنے لانے کیلئے کام کر سکتے ہیں۔ مہنگائی اور استطاعت کے اس بحران نے البرٹنز کیلئے زندگی کو مزید مہنگا بنا دیا ہے، ہم اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کام کو جاری رکھیں گے کہ اقدامات جو ہم اٹھائیں وہ نہ صرف قابل استطاعت ہوں بلکہ طویل مدت کیلئے پائیدار بھی ہوں۔"

*ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)*

البرٹا کی حکومت ضوابط میں ترمیم کرنے کیلئے مزید کاروائی کرے گی، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ انشورنس کرنے والوں کو لازماً ادائیگی کے منصوبوں والے آپشنز لوگوں کو پیش کرنا ہوں گے تاکہ البرٹنز کو اپنی کوریج کیلئے پوری رقم یکمشت ادا نہ کرنا پڑے۔ یہ تبدیلیاں اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ آٹو انشورنس انڈسٹری کلیمز کے اخراجات کو پورا کرنا جاری رکھ سکے اور البرٹا کے ڈرائیوروں کی حفاظت کرنے کے ساتھ ساتھ البرٹنز کو مزید ریلیف فراہم کریں گی۔

مزید برآں، تبدیلیاں البرٹا کے آٹو موبائل انشورنس ریٹ بورڈ (اے آئی آر بی) کو اختیار دیں گی کہ وہ آٹو بیمہ کنندگان کو ان سالوں میں پریمیئمز واپس کرنے کی ہدایت کرے جب انشورنس انڈسٹری کے منافعے نمایاں طور پر زیادہ ہوں۔ اے آئی آر بی بیمہ کنندہ سے کسی وقت ریٹ فائل کرنے کی درخواست بھی کر سکتا ہے تاکہ جائزہ لیا جا سکے اور اگر ضرورت پڑے تو ممکنہ طور پر آٹو انشورنس کے نرخوں کو کم کیا جا سکے۔

"ہم اس کشمکش کو سمجھتے ہیں جس کا بہت سے البرٹنز سامنا کر رہے ہیں، اور ہم اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کام کر رہے ہیں کہ البرٹنز اس کوریج کے متحمل ہو سکتے ہیں جس کی انہیں ضرورت ہے۔ قابل استطاعت انشورنس کا حصول ہماری حکومت کیلئے ایک اہم عزم ہے اور اس وعدے کو پورا کرنے کیلئے یہ صرف پہلا قدم ہے۔ ہم انشورنس انڈسٹری کی پائیداری کی قدر کرتے ہیں اور ان مسائل کو حل کرنے کیلئے کام کو جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ بیمہ کنندگان سے زیادہ تعاون کا مطالبہ کرتے ہیں۔"

Classification: Public

*نیٹ ہارنر (Nate Horner)، ٹریژری بورڈ کے صدر اور وزیرِ خزانہ*

"قابل متحمل لاگت البرٹنز کیلئے ایک بڑی تشویش بنی ہوئی ہے جبکہ روزمرہ کی ضروری اشیاء کی قیمتیں بڑھ رہی ہیں اور جو گزر بسر کرنے کو مشکل بناتی ہیں۔ اسی لئے ہم قیمتوں کو مستحکم کرنے میں مدد کیلئے اپنے موجودہ قابل استطاعت بنانے والے اقدامات کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ آٹو انشورنس اصلاحات قلیل مدت میں ایسا کرنے میں مدد دیں گی۔"

*نیتھن نیوڈورف (Nathan Neudorf)، استطاعت اور یوٹیلیٹیز کے وزیر*

البرٹا کی حکومت البرٹا کی آٹو انشورنس انڈسٹری کو قابل استطاعت اور پائیدار بنانے کیلئے مزید طویل مدتی حل کا باریک بینی سے جائزہ لے رہی ہے۔

2023ء کے آخر تک البرٹا کے ڈرائیوروں پر بوجھ کو کم کرنے کیلئے موجودہ نرخ کو روکنے (current rate pause) کا نفاذ جاری رہے گا۔ 2024ء کیلئے مجوزہ اصلاحات ان نرخوں میں اضافے پر ایک متحرک قیمت کی حد نافذ نہیں کریں گی جس کی بیمہ کنندگان درخواست کر سکتے ہیں لیکن یہ کنٹرول کرنے میں مدد کریں گے کہ انہیں کس طرح صارفین کے درمیان تقسیم کیا جاتا ہے، خاص طور پر ان لوگوں کیلئے جن کے ڈرائیونگ ریکارڈز اچھے ہیں۔ 2024ء میں نرخوں کے کسی بھی اضافے کی احتیاط سے نگرانی کی جائے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ وہ مناسب اور جائز ہیں۔ البرٹنز کو چاہئے کہ اپنے لئے بہترین انشورنس کوریج کی تلاش کی خاطر ارد گرد قیمتیں پوچھنا جاری رکھیں۔

"آٹو موبائل انشورنس ریٹ بورڈ پر صارفین کے نمائندے کی حیثیت سے، مَیں اس بات کو یقینی بناتا ہوں کہ بورڈ کے تمام فیصلوں میں البرٹا کے ڈرائیوروں پر غور کیا جاتا ہے، بمع بیمہ کنندگان کے ریٹنگ پروگراموں میں تبدیلیاں۔ مجھے یقین ہے کہ اچھے ڈرائیوروں کو غیر متوقع نرخوں میں اضافے سے بچانا البرٹا کے صارفین کی جِیت ہے۔ قابل استطاعت ہونے کی مشکلات کے وقت کے دوران، یہ عمل البرٹا کے خاندانوں کیلئے قیمتوں میں استحکام اور پیشین گوئی فراہم کرے گا۔"

*اسٹیفین لیمیو (Stephane Lemieux) نمائندہ صارفین، البرٹا آٹو موبائل انشورنس ریٹ بورڈ*

حکومت نے طویل مدتی اصلاحات کے سلسلے میں ایک بیرونی کنسلٹینٹ کو تجزیہ کیلئے کہا ہے۔ ایک مسوداتی رپورٹ 2023ء کے آخر تک متوقع ہے، جس میں حتمی رپورٹ 2024ء کی پہلی سہ ماہی کیلئے متوقع ہے۔ اس تجزیہ کے نتائج حکومت کی طویل مدتی اصلاحات سے آگاہ کریں گے۔

## فوری حقائق

- گرڈ ریٹنگ پروگرام کیلئے اچھے ریکارڈز والے ڈرائیوروں کی تفصیل اے آئی آر بی کی رہنمائی سے اختیار کی جاتی ہے۔ اس میں مندرجہ ذیل کے بغیر کوئی بھی فرد شامل ہے:
  - پچھلے چھ سالوں میں غلطی سے ایک یا زائد حادثات
  - پچھلے چار سالوں میں ضابطہ فوجداری ٹریفک کی کوئی بھی سزائیں
  - پچھلے تین سالوں میں ٹریفک کی کوئی بڑی سزائیں
  - پچھلے تین سالوں میں ایک سے زائد ٹریفک کے چھوٹے جرائم

- البرٹا کی مسابقتی مارکیٹ پلیس میں، بعض اوقات البرٹنز ارد گرد نرخوں کے بارے میں پوچھ گچھ کرکے اور اپنے آپشنز کی کھوج لگا کر بہتر نرخ حاصل کر سکتے ہیں۔
  - البرٹنز کو بہترین نرخ حاصل کرنے کیلئے اپنی انشورنس کمپنیوں یا بروکرز کے ساتھ کام جاری رکھنا چاہئے۔
  - البرٹا کے ڈرائیور اپنے گھر اور جائیداد کی انشورنس کو ایک بنڈل کی صورت میں کروانے پر 20 فیصد تک رعایت حاصل کر سکتے ہیں، اس کے علاوہ اچھی ڈرائیونگ والے رویے کیلئے رعایتیں بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

## متعلقہ معلومات

- انشورنس
- آٹو موبائل انشورنس اصلاحات
- انشورنس بلیٹنز کے سپرنٹینڈینٹ اور نوٹسز
- البرٹا آٹو موبائل انشورنس ریٹ بورڈ
- گرڈ گائیڈینس
- قابل استطاعت ہونے کیلئے ایکشن پلان

## متعلقہ خبریں

- انشورنس پر کاروائی کرنا (26 جنوری، 2023ء)

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

## میڈیا انکوائریز


### سَیم بلیکیٹ (Sam Blackett)

587-589-6048
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

### سوینا جوہینسن (Savannah Johannsen)

780-686-3521
پریس سیکریٹری، ٹریژری بورڈ اینڈ فنانس

### جاش آلڈرچ (Josh Aldrich)

587-338-7509
پریس سیکریٹری، استطاعت اور یوٹیلیٹیز